**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**03 مئی 2021**

# پریس ریلیز

## یورپین پارلیمنٹ کی پاکستان کے خلاف قرارداد درحقیقت خود مغرب کی انتہا پسندی کا مظہر ہے۔

لاہور(پ ر)یورپین پارلیمنٹ کی پاکستان کے خلاف قرارداد درحقیقت خود مغرب کی انتہا پسندی کا مظہر ہے۔یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنھوں نے کہا کہ یہ مطالبہ کہ پاکستان توہین رسالت کے قوانین کو ختم کرے ایک طرف تو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت ہے اور دوسری طرف اِس سے مغرب کا اسلام دشمن مکروہ چہرہ بھی بے نقاب ہو گیا ہے۔اُنھوں نے کہا کہ جس طرح سے فرانس میں سرکاری سرپرستی میں گستاخانہ خاکوں کی اشاعت اور مظاہرے کو اس قرارداد کے ذریعے تحفظ دیا گیا ہے اور پاکستان میں فرانس مخالف مظاہروں پر تنقید کی گئی ہے وہ انتہائی تشویشناک ہے۔اُنھوں نے کہا کہ قراراداد کے متن سے واضح ہو گیا ہے کہ مغرب GSP+ جیسے اقتصادی و تجارتی معاہدوں و سہولیات کو بلیک میلنگ کے لیے استعمال کرتا ہے۔اُنھوں نے کہا کہ مغرب میں اسلوموفوبیا بہت بڑھ چکا ہے جس کے نتیجہ میں اسلام مخالف قوانین و قراردادیں، مسلمانوں پر حملے اور مساجد کی بے حرمتی اور دیگر اسلامی شعائر کا استہزاء معمول بن گیا ہے لیکن اِس کو جانتے بوجھتے نظر انداز کیا جاتا ہے۔انسانی حقوق، اقلیتوں کے حقوق، مذہبی آزادی اور آزادیٔ اظہار کے ان نام نہاد علمبرداروں کو بھارت، اسرائیل اور امریکہ میں مسلمانوں کی جان، مال اور عزت کی پامالی نظر نہیں آتی۔ تنظیم اسلامی کے امیر نے کہا کہ حکومت پاکستان نے اگرچہ اِس قرارداد کو رد کر دیا ہے اور اُسے مایوس کن قرار دیا ہے البتہ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان ایسی امتیازی قراردادوں کے خلاف کھل کر مؤقف اپنائے اور ناموسِ رسالت کے لیے ہراوّل دستے کا کردار ادا کرتے ہوئے دوسرے مسلمان ممالک کو بھی حرمتِ رسول ﷺ کے تحفظ کے لیے متحرک کرے تاکہ مذہبی انتہا پسندی کی شکار یورپین پارلیمنٹ کو دندان شکن جواب دیا جاسکے۔

**جاری کردہ**

**ایوب بیگ مرزا**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 03 May 2021**

**"The resolution passed by the European Parliament against Pakistan is a manifest display of religious intolerance by the West itself."**

**Lahore (PR): "The resolution passed by the European Parliament against Pakistan is a manifest display of religious intolerance by the West itself."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that the demand made in the resolution that Pakistan revoke its blasphemy laws is a blatant interference in the internal matters of Pakistan, on the one hand, while it has also exposed the real spiteful face of the West bursting with enmity against Islam, on the other. He said that the manner in which the publishing and displaying of blasphemous caricatures under the official patronage and sponsorship of France has been protected and the protests in response to that in Pakistan have been vilified in this resolution passed by the European Parliament, is, indeed, a matter of grave concern. He said that the contents and context of the said resolution has established beyond doubt that the West uses trade and economic agreements and provisions such as GSP+ for blackmailing other countries. He lamented that Islamophobia in the West has reached a radically critical level, due to which anti-Islamic laws and resolutions, attacks on Muslims, defiling of Mosques and slandering of the other symbols of Islam have become common practice, and deplorably, it is officially and publicly ignored by design. He criticized that these pseudo 'champions' and 'torchbearers' of human rights, minorities rights, religious freedom and freedom of expression deliberately turn a blind eye to the atrocious sacrilege of the life, property and dignity of Muslims occurring in Israel, India and the US.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami concluded by stating that although the government of Pakistan has dismissed this resolution and called it disappointing, yet the real need of the hour is for Pakistan to candidly state its viewpoint on such repulsive resolutions and by acting as an advance guard for the protection of the honor of the Holy Prophet *(SAAW)*, activate other Muslim states for this noble cause too, so that the European Parliament, which is a personification of religious extremism, could be given a staunch and robust response.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**